گھر میں "Aquarium Fish" یعنی مچھلی گھر لگانے کا حکم

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3058

تاریخ اجراء: 11 ربیع الاول 1446ھ/14 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا گھر میں "Aquarium Fish" یعنی مچھلی گھر لگا سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

گھر میں ایکوریم ٹینک یعنی مچھلی گھر لگا سکتے ہیں، اس کی کوئی ممانعت نہیں، البتہ اگر اس ٹینک کے اندر مچھلی پالیں تو ان کے لیے پانی، خوراک وغیرہ دیگر ضروریات کا اہتمام کرنا ضروری ہے، اگر خوراک اور دیگر ضروریات کا خیال نہ رکھا جائے تو ایسی صورت میں اس ایکوریم ٹینک میں مچھلی پالنا جائز نہیں، کہ یہ جانور پر ظلم اور ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔

صحیح مسلم میں ہے "عن عبد الله، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: عذبت امرأة في هرة سجنتها حتى ماتت فدخلت فيها النار، لا هي أطعمتها وسقتها، إذ حبستها، ولا هي تركتها تأكل من خشاش الأرض" ترجمہ: حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ایک عورت ایک بلی کے سبب عذاب میں مبتلا ہوئی کہ اس نے بلی کو قید کر رکھا حتی کہ بلی مر گئی تو وہ عورت جہنم میں داخل ہوئی، اس عورت نے نہ تو بلی کو کھانا کھلایا نہ پانی پلایا کہ قید کر رکھا تھا اور نہ چھوڑا کہ زمین سے گرا پڑا کچھ کھالیتی۔ (صحيح مسلم، رقم الحديث 2242، ج 4، ص 1760، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

ردالمحتار علی الدر المختار میں ہے "لا بأس بحبس الطيور والدجاج فی بيته ولكن يعلفها" ترجمہ: پرندوں، مرغیوں کو گھر میں رکھنے میں کوئی حرج نہیں لیکن ان کے دانہ پانی کا خیال رکھے۔ (ردالمحتار على الدر المختار، ج 6، ص 401، دار الفکر، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "اور جانوران خانگی مثل خروس وماکیان وکبوتر اہلی وغیرہا کا پالنا بلاشبہ جائز ہے جبکہ انہیں ایذا سے بچائے اور آب ودانہ کی کافی خبر گیری رکھے۔۔۔ مگر خبر گیری کی یہ تاکید ہے کہ دن میں ستر دفعہ پانی دکھائے کما ورد فی الحدیث (جیساکہ حدیث میں وارد ہوا ہے) ورنہ پالنا اور بھوکا پیاسا رکھنا سخت گناہ ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج24، ص644، 643، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net